سوال

شب معراج

جواب

معراج کی رات آپ کو پیش کیئے گئے پیالوں کے مشروب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ معراج کی رات آپ ﷺ کو پیش کیئے گئے پیالوں میں کیا تھا۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! معراج کی رات آپ کو پیش کیئے گئے پیالوں میں دودھ اور شراب تھی، آپ نے دودھ کو پی لیا اور شراب کو مسترد کردیا: حدیث شریف میں ہے، سیدنا ابوہریرہ فرماتے ہیں: "أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ بِإِيلِيَاءَ بِقَدَحَيْنِ مِنْ خَمْرٍ، وَلَبَنٍ فَنَظَرَ إِلَيْهِمَا فَأَخَذَ اللَّبَنَ، قَالَ جِبْرِيلُ: الحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي هَدَاكَ لِلْفِطْرَةِ، لَوْ أَخَذْتَ الخَمْرَ غَوَتْ أُمَّتُكَ" (بخاری: 4709) ایلیاء میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو پیالے پیش کیئے گئے، جن میں سے، ایک دودھ کا اور دوسرا شراب کا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے دودھ کا پیالہ منتخب فرمایا۔ سیدنا جبرائیل نے کہا، "اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں، جس نے آپ کی فطرت کی طرف راہنمائی فرمائی۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم شراب کو اختیار کرتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت گمراہ ہوجاتی۔" ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی محدث فتوی